# اشتہار برائے بھرتی

خیبر پختونخوا اپوائنٹمنٹ ، ڈیپوٹیشن، پوسٹنگ اور ٹرانسفر آف ٹیچرز لیکچررز، انسٹرکٹرز اور ڈائرکٹرز ریگولیٹری ایکٹ 2011ء کے سیکشن نمبر 4 کے تحت محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا کے زیر انتظام (مردانہ/ زنانہ) سکولوں میں درج ذیل آسامیاں پُر کرنے کے لئے خیبر پختونخوا کے متعلقہ اضلاع کے سکونتی اہل امیدواروں سے مجوزہ فارم پر مورخہ 13-06-2019 تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست فارم درج ذیل اضلاع کیلئے ان کے ناموں کے سامنے دئے گئے ویب سائٹس پر دستیاب ہے۔

| نمبر شمار | ڈسٹرکٹس | ویب سائٹس |
|---|---|---|
| 1 | ۱۔ پشاور، ۲۔ مردان، ۳۔ چارسدہ، ۴۔ نوشہرہ، ۵۔ صوابی، ۶۔ کوہاٹ ۷۔ کرک، ۸۔ بنوں، ۹۔ ٹانک، ۱۰۔ لکی مروت، ۱۱۔ ڈیرہ اسماعیل خان، ۱۲۔ ہنگو، ۱۳۔ سوات | www.ftspak.net |
| 2 | ۱۔ چترال، ۲۔ دیر بالا، ۳۔ دیر پائیں، ۴۔ ملاکنڈ، ۵۔ شانگلہ، ۶۔ بونیر ۷۔ ہری پور، ۸۔ ایبٹ آباد، ۹۔ مانسہرا، ۱۰۔ بٹگرام، ۱۱۔ پالس کولئے کوہستان ۱۲۔ کوہستان پائیں، ۱۳۔ کوہستان بالا، ۱۴۔ تورغر | www.nts.org.pk |

مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ اور نہ ہی اس کے بعد بنائی جانے والی دستاویزات اور اعلان شدہ نتائج کو تسلیم کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | نام آسامی | قابلیت | عمر |
|---|---|---|---|
| 1 | سیکنڈری سکول ٹیچر (SST)<br>بیالوجی/کیمسٹری<br>BPS. 16 | کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری جس کے ساتھ درج ذیل دو مضامین لازمی ہوں۔<br>(i) کیمسٹری، بیالوجی (ذوالوجی یا باٹنی)<br>سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ حکومتی ادارے PITE / RITE سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19 تا 35 سال |
| 2 | سیکنڈری سکول ٹیچر (SST)<br>فزکس/میتھس<br>BPS. 16 | (1)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری جس کے ساتھ درج ذیل دو مضامین لازمی ہوں۔<br>(i)۔ فزکس میتھس یا۔ (ii)۔ فزکس، اسٹیٹکس<br>سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ حکومتی ادارے PITE / RITE سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19 تا 35 سال |
| 3 | سیکنڈری سکول ٹیچر (SST)<br>جنرل<br>BPS. 16 | (1) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری جس کے ساتھ درج ذیل دو مضامین لازمی ہوں۔<br>(i)۔ انگریزی، ہومنیٹیز گروپ یا دیگر مساوی گروپ۔<br>سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ حکومتی ادارے PITE / RITE سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19 تا 35 سال |
| 4 | سیکنڈری سکول ٹیچر آئی ٹی<br>(SST.IT) جنرل<br>BPS. 16 | (1) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن ماسٹر ڈگری کمپیوٹر سائنس یا انفارمیشن ٹیکنالوجی میں۔ یا کمپیوٹر سائنس میں بیچلر ڈگری (BCS/BSCS Honours.4 year) یا کمپیوٹر سائنس مضمون کے ساتھ بیچلر ڈگری یا مساوی تعلیمی قابلیت تسلیم شدہ یونیورسٹی سے ،<br>(2)۔ کسی بھی تسلیم شُدہ یونیورسٹی سے بی ایڈ یا مساوی قابلیت<br>نوٹ :۔ اگر کوئی امیدوار مندرجہ بالا دوسرے شرط پر پورا نہ اُتر رہا ہو تو تقرری کے 3 سال کے اندر مطلوبہ قابلیت حاصل کرے گا۔ | 21 تا 35 سال |

سلیکشن کریٹریا: اساتذہ کے سلیکشن کیلئے کریٹریا درج ذیل ہے۔ کُل 200 نمبرات کی تقسیم اس طرح سے کی جائیگی۔

(ا)۔ سکریننگ ٹیسٹ بذریعہ NTS/FTS= 100 نمبر (ب)۔ تعلیمی قابلیت = 100 نمبر جس کی مزید تقسیم اس طرح ہوگی

| تعلیمی قابلیت | کُل نمبر |
|---|---|
| ایس ایس سی | حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر |
| ایف اے / ایف ایس سی | حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر |
| بی اے / بی ایس سی | حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر |
| ایم اے / ایم ایس سی | حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر |
| بی ایڈ | حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر |
| ایم ایڈ | حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر |
| ایم فل | حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر |
| پی ایچ ڈی | حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر |

بی ایس چار سالہ کورس کی صورت میں نمبروں کی تقسیم اس طرح ہوگی۔ حاصل کردہ نمبر x40 تقسیم کل نمبر، جبکہ پیشہ ورانہ ایم اے ایجوکیشن کی صورت میں نمبر کی تقسیم بطریقہ ذیل ہوگی۔

ایم اے ایجوکیشن حاصل کردہ نمبر x10 تقسیم کل نمبر (5 نمبر بی ایڈ + 5 ایم ایڈ)

**نوٹ:** (1) ہر آسامی کے لئے ضلع کی سطح پر علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ مرتب کی جائیگی جس میں امیدواروں کے ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبر اور تعلیمی قابلیت کے نمبروں کو جمع کیا جائیگا۔

(2)۔ **ٹیسٹ** میں 40 فیصد نمبر لینا ضروری ہے۔ 40 فیصد سے کم نمبر لینے والا امیدوار نااہل تصور ہوگا اور میرٹ لسٹ میں شامل نہیں ہوگا۔

(3)۔ CGPA کی صورت میں کاؤنٹنگ نمبروں میں کی جائے گی۔ جو متعلقہ یونیورسٹی نمبرات یا نمبرات کی فیصدی کی صورت میں تصدیق شدہ فراہم کرے گی۔

[redacted]:-

(1) تمام تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مروجہ قوانین کے مطابق 25 فیصد بنیادی تقرریInitial Appoinment کے کوٹے کے تحت خالصتاً عارضی بنیادوں پر Adhoc / کنٹریکٹ پر ایک سال کے لئے ہوں گی۔ (2) **معذور افراد کیلئے دو فیصد کوٹہ مختص ہے جس کے لئے سٹینڈنگ میڈیکل بورڈ کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا لازمی ہے بشرطیکہ وہ معذوری فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ نہ ہو۔** (3) انٹرویو کے وقت اصلی تعلیمی اسناد بمعہ اصل شناختی کارڈ اور ٹیسٹ کے دن صرف اصلی شناختی کارڈ لانا لازمی ہے۔ (4) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔ (5) صرف مقررہ وقت کے اندر موصول ہونے والی درخواستوں پر غور کیا جائے گا۔ (6) زیردستخطی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی وقت کلی یا جزوی طور پر انٹرویو منسوخ کردے۔ (7) اگر اس اشتہار کے بعد حکومت وقت کی طرف سے بھرتی کے طریقہ کار میں تبدیلی کی گئی تو سلیکشن کمیٹی اس کے مطابق عمل کرنے کی پابند ہوگی۔ (8) تمام تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مقرر کردہ قوانین و مجوزہ طریقہ کار کے مطابق خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔ (9) تمام تعلیمی اسناد صرف گورنمنٹ کے تسلیم شُدہ اداروں کی قابل قبول ہونگی۔ (10) اگر کسی امیدوار کی اسناد جعلی پائی گئیں تو اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور آئندہ کے لئے اسے سرکاری ملازمت کے لئے نااہل تصور کیا جائے گا۔ (11) نامکمل فارم یا معلومات کی صورت میں درخواست فارم خود بخود منسوخ تصور کیا جائے گا جس کے لئے کوئی اپیل منظور نہیں کی جائے گی۔ (12) انٹرویو کے لئے الگ شیڈول جاری کیا جائیگا۔ جس میں ڈاکومنٹس چیک کئے جائیں گے۔ (13) تمام تقرریاں متعلقہ اضلاع کے ڈومیسائل کی بنیاد پر ہوں گی۔ امیدوار کا ڈومیسائل متعلقہ ضلع کا ہونا لازمی ہے۔ 13-06-2019. کے بعد پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی قابل قبول نہیں ہوگی۔ (14) امیدوار کی تقرری جس سکول میں کی جائے گی اس کو اسی سکول میں سروس کرنا ہوگی جو کہ ناقابل تبادلہ ہوگی۔ (15) درخواست دینے کا طریقہ کار NTS اور FTS کے ویب سائٹس پر موجود ہیں۔ (16) متعلقہ اضلاع کی خالی آسامیوں کی تعداد درخواست فارم کے ساتھ NTS اور FTS کے ویب سائٹس پر دی گئی ہیں۔ (17). میرٹ پر آنے والے امیدواروں کی اسناد متعلقہ ادارے سے تصدیق کرائی جائے گی جس کے تمام اخراجات امیدواروں کو برداشت کرنا ہوں گے۔ (18) پرائیویٹ (نجی) یونیورسٹیوں کی ڈگریاں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے تصدیق شدہ ہونی چاہیں۔ (19)۔ مقررہ تاریخ کے بعد اسناد میں کی گئی تبدیلی کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ (.20)۔ عدالت کے فیصلے کے مطابق پانچ سکولوں کو درخواست دینے کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ (21)۔ 3 فیصد کوٹہ اقلیتوں کے لئے مختص ہے۔

**ڈاکٹر حافظ محمد ابراہیم**

**ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا پشاور**